© rasailojaraid.com

# بجنابِ رسالت مآب ﷺ

○

اے سرورِ دیں نور ہے یکسر تری سیرت
اقدار کو کرتی ہے منّور تری سیرت

یا خیر کا معمورۂ پُر نور و معنبر
یا حُسن کا موّاج سمندر تری سیرت

زیبائی افکار کا مصدر ترے انوار
رعنائی کردار کا جوہر تری سیرت

رنگیں چمنستانِ حیات اس کی ضیا سے
نوریں صفتِ چشمۂ خاور تری سیرت

ہر بندۂ نادار کی قوت، تری رحمت
ہر رہروِ درماندہ کی رہبر تری سیرت

آتی ہے نظر ہیکرِ جاں میں تری تنویر
ہر نقش کو کرتی ہے اجاگر تری سیرت

ہر رہ پہ مرا ہاتھ لیے ہاتھ میں اپنے
چلتی ہے مرے ساتھ برابر تری سیرت

شعر اُس کے نہ کیوں ہوں نظر افروز و دلآویز
تائبؔ کے خیالوں کا ہے محور تری سیرت

○

**حفیظ تائب**

© rasailojaraid.com